سوال

(408) رمضان کے روزے کےلیے ایک ہی بار نیت کافی ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رمضان کے روزے کےلیے ہر دن نیت کرنی چاہیے یا سارے مہینے کی ایک بار نیت ہی کافی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رمضان کے آغاز میں پورے مہینے کےلیے ایک ہی نیت کافی ہے کیونکہ روزہ دار اگر ہر رات ہر روزے کی نیت نہ بھی کرے، تو اس نے مہینے کے شروع سے اس کی نیت کر رکھی ہے۔ اگر اس نے مہینے کے درمیان سفر یا مرض وغیرہ کی وجہ سے کچھ روزے چھوڑ دیئے، تو پھر اسے دوبارہ نیت کرنی چاہیے اس لئے کہ اس نے سفر و مرض وغیرہ کی وجہ سے روزے چھوڑ کر نیت کو توڑ دیا تھا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ380

محدث فتویٰ